سوال

(22) قرآن مجید کا دوسری زبانوں میں ترجمہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قرآن مجید کا انگریزی یا فرانسیسی یا عبرانی وغیرہ زبانوں میں ترجمہ کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کیا قرآن کریم کے الفاظ کا ترجمہ ممکن ہی نہیں یہ محال ہے اس لیے کہ یہ ناممکن ہے کہ کوئی ایسا لفظ استعمال کیا جائے جو قرآنی لفظ کے مماثل ہو کیونکہ قرآن مجید اپنے الفاظ و تراکیب کے اعتبار سے معجزہ ہے۔ البتہ قرآن مجید کے معانی کا ترجمہ جائز ہے یعنی قرآن مجید کی تفسیر کا ترجمہ بوقت ضرورت وحاجت دوسری زبانوں میں جائز ہے اور اس میں بیان کردہ معانی کا دیگر زبانوں میں ترجمہ کر دیا جائے تاکہ وہ لوگ اپنی زبان مین قرآن کریم کے معانی کو جان لیں۔ اس زبان میں قرآن کریم اور شریعت اسلامیہ نازل ہوئی ہے تاکہ وہ اپنے دین اپنے رب کے کلام اور اپنے نبی کی سنت کو صحیح طریقے سے سمجھ سکے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص34

محدث فتویٰ